www.KitaboSunnat.com

تبصرہ کتب

پروفیسر عبدالجبار شاکر

نام مجلّہ — **القلم**

ناشر — ادارہ علومِ اسلامیہ ' جامعہ پنجاب ' لاہور

صفحات — ۲۰۰+۲۱

جامعات کے بنیادی وظائف میں اولین ذمہ داری درس و تدریس اور تدوین و تحقیق کی ہے۔ دنیا بھر میں ہر نوع کا تحقیقی ' تنقیدی اور توضیحی کام زیادہ تر جامعات اور مخصوص تحقیقی اداروں میں ہو رہا ہے۔ جامعہ پنجاب ' برصغیر کے تعلیمی پسِ منظر میں اپنا ایک خاص مقام اور شناخت رکھتی ہے۔ اس کے بہت سے دوسرے شعبوں کی طرح ادارۂ علوم اسلامیہ نے بھی اپنے علمی اور تحقیقی مجلّے کا آغاز "القلم" کے نام سے کیا ہے۔ اس ادارے کی طرف سے اس نوعیت کے تحقیقی مجلّے کی اشاعت ایک لائقِ تحسین اور قابلِ تبریک کاوش ہے۔ اس مجلّے کی اس اولین اشاعت کو صوری اور معنوی اعتبار سے خوب سے خوب تر بنانے کی سعیٔ جمیل کی گئی ہے۔

علوم اسلامی سے متعلق اداروں میں تحقیقی اور تنقیدی مباحث کی نوعیت بہت ذمہ دارانہ ہوتی ہے۔ اس سے تحقیق و تنقید کے ساتھ اسلوبِ تحقیق و تنقید کے معیارات کو بھی متعین کیا جاتا ہے۔ اور تحقیق و تنقید کی روایت کو آگے بڑھانے کی ذمہ داری کو پورا کیا جاتا ہے۔ گذشتہ دو تین صدیوں کی سائنسی اور میکانکی تحقیق نے تہذیب و ثقافت کے احوال و ظروف کو یکسر تبدیل کردیا ہے۔ اس تبدیلی کے اثرات بالواسطہ' بلاواسطہ ریاستی امور میں ' بالخصوص معیشت و معاشرے میں بہت نمایاں نظر آتے ہیں۔ ایسی صورت حال میں علوم اسلامیہ سے دلچسپی رکھنے والے اداروں کو دو طرح کے تحقیقی امور پر زیادہ توجہ صرف کرنا چاہئے۔ ایک تو یہ کہ اس عہد کے تمام علوم جدیدہ کا علومِ وحی کی روشنی میں جائزہ لینا چاہیے اور دوسرا یہ کہ نئی تہذیب و ثقافت کے ہاتھوں پیدا ہونے والے مسائل کا اسلامی حل پیش کیا جانا چاہیے۔ ہمارے نزدیک علوم اسلامیہ کے بہت کم ادارے تحقیق و تنقید کے اس پہلو پر توجہ دے رہے ہیں۔

جامعہ پنجاب کے ادارہ علوم اسلامیہ کا یہ مجلّہ اور اس کے نقش اول کے مطالعہ سے کچھ حوصلہ پیدا ہوتا ہے اور کچھ ڈھارس بندھی ہے کہ جامعات کے ایسے اداروں میں تحقیق و تنقید کا ایک متوازن اسلوب سامنے آرہا ہے۔ اس سہ لسانی مجلّے میں سیکشن اردو میں سترہ مضامین موجود ہیں جن میں قرآن ' حدیث ' تاریخ ' سیاست ' معاشرت ' معیشت ' ثقافت ' نفسیات اور آثار و سوانح پر چند مفید معلومات کے حامل مضامین دستیاب ہوتے ہیں۔ یہ تمام تر مضامین اساتذہ کرام کے نوکِ قلم سے پھوٹے ہیں۔ سیکشن عربی میں پانچ مضامین درج ہیں۔ جن میں سے ایک شعبہ کے استاد ڈاکٹر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ